**حکومت عطیات کی جانچ پڑتال کیسے کر رہی ہے؟**

9/11 کے بعد امریکی حکومت نے بھرپور طریقے سے ان افراد کے خلاف تحقیقات اور قانونی کارروائیاں کی ہیں جنہوں نے، اس کے مطابق، "دہشت گردوں کی فہرست میں شامل گروہوں یا افراد کو "مادی تعاون (material support)، بشمول مالی مدد، فراہم کیا۔

مادی تعاون سے کیا مراد ہے؟

مادی تعاون ایک وسیع تصور ہے جس میں بہت طرح کی سرگرمیاں شامل ہیں۔

مادی تعاون میں، ان گروہوں اور افراد کو جنہیں امریکی حکومت نے دہشت گرد قرار دیا ہے، مندرجہ ذیل میں سے کچھ بھی فراہم کرنا شامل ہے؛ رقم، مالی خدمات، قیام کا انتظام؛ تربیت؛ صلاح یا معاونت؛ جھوٹی دستاویزی شہادت یا شناخت؛ مواصلات کے آلات؛ سہولیات (facilities)؛ ہتھیار؛ مہلک مواد؛ دھماکہ خیز مواد؛ اشخاص (personnel)؛ نقل و حمل اور دیگر مادی اثاثے۔ ادویات اور مذہبی مواد پر حدود کے اندر چند ایک استثنیٰ موجود ہیں۔

کیا حکومت کسی کو بھی دہشت گرد نامزد کرسکتی ہے؟

امریکی حکومت کی طرف سے تنظیموں یا افراد کو دہشت گردی کی فہرست میں شامل کرنے کے اختیار کو بہت سے قانونی اعتراضات کا سامنا ہے جو ملک گیر سطح پر عدالتوں میں زیرِسماعت ہیں۔

بہت سوں کا استدلال ہے کہ حکومت نے نامزدگی کے اختیار کا غلط استعمال کیا ہے اور اس سیاق و سباق میں مادی تعاون کے قوانین حد سے زیادہ وسیع ہیں۔

**میری امیگریشن پر میری خیرات کے کیا نتائج مرتب ہو سکتے ہیں؟**

امریکی حکومت نے ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں ایسے غیر شہری افراد کا داخلہ روکا ہے یا انہیں ملک بدر کیا ہے جنہوں نے بقول اس ک میری امیگریشن پر میری خیرات کے کیا نتائج مرتب ہو سکتے ہیں؟

جان لیں کہ اگر آپ نے یہ عمل غیر دانستہ طور پر کیا ہو تو بھی آپ کو قصوروار تصور کیا جا سکتا ہے کیونکہ امریکی حکومت کے مطابق آپ کو دہشت گرد تنظیموں اور دہشت گرد افراد کے بارے میں لازماً جانکاری ہونی چاہیے۔

خیرات دیتے وقت میں خود کو کیسے محفوظ رکھ سکتا/سکتی ہوں؟

حکومت نے افراد کی نہ صرف حالیہ بلکہ ماضی میں دی گئی خیرات کی جانچ پڑتال بھی کی ہے- حکومت نے ان تنظیموں کو خیرات دینا بھی قابل سزا ٹھہرایا ہے جو خیرات دیتے وقت دہشت گرد شمار نہیں کی گئی تھیں- اسی لیے خیرات دیتے وقت احتیاط کرنی چاہیے-

**مجھے خیراتی ادارے کا انتخاب کیسے کرنا چاہیے؟**

ایسا خیراتی ادارہ ڈھونڈیں جو رجسٹرڈ ہے

آئی آر ایس (IRS) کے ذریعے چونکہ تنظیموں کو 501 (c)(3) رتبہ حاصل کرنے کے لیے طویل سرکاری عمل سے گزرنا پڑتا ہے- ایک محفوظ طریقہ یہ ہے کہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں ٹیکس سے مستثنیٰ 501 (c)(3) رتبہ کی حامل تنظیم کو خیرات دی جائے-

(زیادہ تر مساجد از خود 501 (c)(3) رتبہ کی حامل ہوتی ہیں۔

یہ جاننے کے لیے کہ کوئی خیراتی تنظیم 501 (c)(3) کے تحت امریکہ میں رجسٹرڈ ہے:

تنظیم سے پوچھیں
اس کی ویب سائٹ دیکھیں؛ یا
یہ ویب سائٹ دیکھیں
http://www.irs.gov/Charities-&-Non-Profits/Exempt-Organizations-Select-Check
یا http://www.guidestar.org دیکھیں۔

جس میں آئی آر ایس ڈیٹا بیس اور دیگر مفید معلومات موجود ہیں
-

اگر تنظیم امریکہ میں ٹیکس سے مستثنیٰ خیراتی ادارہ نہیں تو یہ معلوم کریں کہ آیا یہ تنظیم اس ملک میں غیر منافع بخش تنظیم کے طور پر رجسٹرڈ ہے جس میں وہ کام کرتی ہے۔

دہشت گرد تنظیموں کی حکومتی فہرست دیکھیں

اس چیز کی تصدیق کرنا بہت اہم ہے کہ کہیں تنظیم یا اس سے ملحقہ تنظیمیں (یا ذیلی ٹھیکیدار (subcontractors) غیر ملکی دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں شامل تو نہیں، یا حکومت کے تفتیشی ادارے اس کی تحقیقات تو نہیں کررہے۔

وہ فہرست جسے دیکھنا سب سے اہم ہے وہ سپیشلی ڈیزگنیٹڈ نیشنلز (Specially Designated Nationals) کی فہرست کہلاتی ہے۔ اس فہرست میں ایسے گروہ بھی شامل ہیں جنہیں حکومت نے غیر ملکی دہشت گرد تنظیمیں نامزد کیا ہے۔ فہرست یہاں دستیاب ہے:

http://www.treasury.gov/ofac/downloads/sdnlist.txt

تنظیم کے بارے میں تحقیق کرلیں

خیراتی ادارے کے کام سے آگاہی حاصل کریں اور اپنے فہم سے کام لیں۔ خیراتی ادارے اور اس کے کام کے طریقے کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جاننے کی کوشش کریں، آپ تنظیم کی سالانہ رپورٹ کا، مالی گوشواروں (financial statements) کا، آئی آر ایس فارم 990 کا اور آڈٹ رپورٹوں کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ تنظیمیں ان معلومات کو عام طور پر اپنی ویب سائٹ پر مہیا کرتی ہیں۔ آپ بلا جھجک اپنے سوالات فون یا ای میل ذریعے ان سے پوچھ سکتے ہیں

-

علاوہ ازیں اگر آپ بیرون ملک کسی تنظیم کو خیرات دینا چاہتے ہیں تو کچھ اضافی احتیاطیں ہیں جو آپ کو کرنی چاہیں: تحقیق کریں کہ کہیں تنظیم کسی ایسی سرگرمی میں حصہ تو نہیں لیتی جسے امریکی حکومت دہشت گردی سے متعلق سمجھ سکتی ہے۔ تنظیموں کی ویب سائٹ دیکھیں، تنظیم سے رابطہ کریں یا تنظیم کے بارے میں موجود عام لٹریچر پڑھیں۔

اگر اس عمل کے کسی حصے میں آپ کو معاونت یا صلاح کی ضرورت ہو تو آپ 'کلیئر' (CLEAR) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ 'کلیئر' نے ایسے خطوط فراہم کیے ہیں جن میں تصدیق کی گئی ہے کہ مؤکلین (clients) کے لیے مشاورت فراہم کی گئی اور انہوں نے حسبِ ضرورت مستعدی کا مظاہرہ کیا۔

جب میں فیصلہ کر لوں کہ میں نے کہاں خیرات دینی ہے تو مجھے کیا اضافی احتیاط کرنی چاہیے؟

خیرات دیتے وقت آپ کو تحریری شکل میں ایک مخصوص فلاحی کاوش یا پروگرام کی معاونت کے لیے اپنے منشا کو بیان کرنا چاہیے۔ مثال کے طور پر، چیک کی میمو لائن پر نوٹ لکھ دیں کہ
خیرات کا منشا قدرتی آفت کے لیے امداد ہے۔

یہ اہم ہے کہ آپ کم از کم چھ سال تک مندرجہ ذیل چیزوں کا ریکارڈ رکھیں:

چیک، بنک سٹیٹمنٹ، یا دی گئی خیرات کی دیگر تحریری دستاویزات۔
خیراتی تنظیم کی طرف سے پروگرام یا منصوبے کی تحریری شکل میں معلومات۔
خیراتی تنظیم سے خیرات کی وصولی کی رسید۔

سمندر پار وائر منتقلی کے بارے میں کیا کیا جائے؟

حکومت کی جانب سے وائر ٹرانسفر کی جانچ پڑتال میں اضافہ ہورہا ہے۔ رقم منتقل کرنے سے پہلے آپ کو تصدیق کرنی چاہیے کہ جس بنک کو رقم بھیجی جا رہی ہے وہ پابندیوں کی فہرست میں تو شامل نہیں۔ پابندیوں کی فہرست میں شمولیت معلوم کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل ویب سائٹ دیکھی جائے:

http://www.treasury.gov/resource-center/terrorist-illicit-finance/Pages/protecting-fto.aspx

اگر سرکاری ایجنٹ خیرات سے متعلق سوالات کے لیے آپ سے رابطہ کرے تو شائستگی اور اعتماد سے بات کریں، "کیا آپ مہربانی فرما کر اپنے رابطے کی معلومات دے سکتے ہیں؟ میرا اٹارنی پیروی کرے گا (May I please have your contact information? My attorney will follow up with you)۔" کسی دوسرے سوال کا جواب مت دیں۔ جتنا جلدی ہوسکے 'کلیئر' سے رابطہ کریں۔

قانونی مدد کے لیے ہم سے رابطہ کریں

اگر آپ کو قانونی امداد، صلاح، یا حوالہ کی ضرورت ہو تو 'کلیئر' سے رابطہ کریں۔ ہم نفاذِ قانون سے متعلق سوالات اور پوچھ گچھ؛ گرینڈ جیوری (grand jury) اور سمن (subpoenas) کا اجرا؛ خیرات؛ سفر؛ اور دیگر کے لیے افراد کی نمائندگی اور مشاورت کرتے ہیں۔
ہماری خدمات بلامعاوضہ ہیں۔

آگاہی بڑھائیں!

اپنی مساجد یا کمیونٹی سنٹر میں 'کلیئر' کی 'اپنے حقوق جانیے' (Know Your Rights) ورکشاپ کا اہتمام کیجیے۔ 'کلیئر' یہ ورکشاپ مفت کرتا ہے۔

**اپنے حقوق جانیے!**

9/11 کے بعد امریکی حکومت کی نگرانی اور قانونی کارروائیوں نے مسلمان، عرب اور جنوبی ایشیائی کمیونیٹیز کو متاثر کیا ہے۔ خیرات دیتے رہنا اہم ہے۔ اس پمفلٹ کا مقصد قانونی اور محفوظ طریقے سے خیرات دینے کی معلومات فراہم کرنا ہے۔

CREATING
LAW
ENFORCEM
ACCOUNTA
RESPONSIBI

**CLEAR SERVICES ARE PROVIDED FREE OF CI**
For more information, or to request su

(718) 340-4558 | cunyclear@ law.cuny.e
www. cunyclear.org

CUNY SCHOOL
MAIN STREET LEGAL SE